اور آٹھ عورتیں یہ ہیں۔ بنت (میت کی بیٹی) بنت الابن (پوتی۔ پڑپوتی۔ جہانتک نیچے ہوں) اخت لاب وامّ (حقیقی بہن) اخت لاب (علاتی بہن) اخت لامّ (اخیافی بہن) امّ (ماں) جدہ صحیحہ (دادی۔ نانی) زوجہ (نکاحتی بیوی)۔

---

[1] اختلاف دار۔ یعنی ان ملکوں کا اختلاف جہاں وارث ومورث رہتے ہیں اور یہ اختلاف اسوقت معتبر ہوتا ہے۔ جبکہ وہ ایسے ملک ہوں کہ ہر ایک میں ایک ایک بادشاہ ہو اور ان میں عصمت منقطع ہو اسطرح کہ ہر ایک دوسرے سے لڑنے کو حلال جانتا ہو۔ پس ایسے ملکوں کے وارث ومورث ایکدوسرے کے ترکہ سے کچھ نہیں لے سکتے لیکن اگر ان دونوں میں عصمت قائم ہے اور ان میں تعاون وتناصر جاری ہے تو وہ مانع ارث نہیں ہے اور یہ مانع خاص کافروں کیلئے ہے۔ حربی اس کافر کو کہتے ہیں جو دار الحرب یعنی کافروں کے ملک میں رہتا ہے اور ذمی وہ کافر ہے جو مسلمانوں کے ملک میں بادشاہ اسلام کو جزیہ دیکر رہتا ہے۔ مستامن وہ کافر ہے جو دار الاسلام میں امن لیکر داخل ہوا ہے۔ پس مستامن وذمی کو در اصل دو ملکوں کے ہیں۔ گو فی الحال ایک ہی ملک دار الاسلام میں جمع ہیں ایکدوسرے کے وارث نہیں بن سکتے ایسے ہی دو مستامن بھی باہم نہ ایکدوسرے کے وارث ہو سکتے ہیں اور نہ ایک کا دوسرا ترکہ لے سکتا۔ واضح ہو کہ شافعیہ مالکیہ حنابلہ کے نزدیک اختلاف دار مانع ارث نہیں ہے۔ [2] اشتباہ یعنی نہ معلوم ہونا اسبات کا کہ کون وارث ہے اور کون مورث ہے خواہ بسبب نہ معلوم ہونے ترتیب موت کے خواہ بسبب کسی اور باعث کے مثلاً چند اقارب ایکساتھ کسی دیوار یا چھت کے نیچے دب کر مرجائیں یا ایک کشتی میں سوار ہوں اور سب ڈوب جائیں یا لڑائی میں مارے جائیں اور یہ نہ معلوم ہو سکے کہ انمیں سے کون شخص پہلے مرا اور کون پیچھے مرا ہے تو اس قسم کے اموات آپس میں ایک دوسرے کے لئے وارث نہیں ہو سکتے۔ مثلاً باپ اور بیٹا ایکساتھ اگر لڑائی میں مارے جائیں تو باپ بیٹے کا اور بیٹا باپ کا وارث نہ ہوگا بلکہ باپ کا ترکہ اسکے موجودہ وارثوں میں اور بیٹے کا اس کے موجودہ وارثوں میں تقسیم ہوگا۔ شافعی۔ مالکی کا یہی مذہب ہے (در المختار وغیرہ)

[3] جد صحیح۔ جو باپ کے سلسلہ سے ہیں۔ اور جن میں ماں کا واسطہ نہیں ہوتا جیسے باپ کی ماں باپ کے باپ کی ماں جہانتک ہو

حالات ذوی الفروض

اوّل - اب - میت کے باپ کی تین حالتیں ہیں (۱) فرض مطلق یعنی صرف سدس جب کہ میت کا بیٹا یا پوتا یا پڑپوتا جہاں تک نیچے کا درجہ ہو - موجود ہو۔

(۲) فرض و تعصیب دونوں جبکہ کوئی حاجب نقصان نہ ہو اور میت کی بیٹی یا پوتی یا پڑپوتی جہاں تک نیچے درجہ کی ہو موجود ہو۔

(۳) تعصیب محض عدم موجودگی اولاد کی حالت میں مثلاً جبکہ میت کا بیٹا یا پوتا یا پڑپوتا جہاں تک نیچے درجہ کا ہو) اور بیٹی یا پوتی یا پڑپوتی (جہاں تک نیچے درجہ کی ہو) کوئی بھی نہ ہو۔

دوم - جدّ صحیح - میت کا دادا اور اس کی دو حالتیں ہیں۔

(۱) مجوب - جبکہ میت کا باپ موجود ہو۔

(۲) اگر میت کا باپ موجود نہیں تو وہ مثل باپ کے ہے - بالاتفاق - مگر حسب ذیل پانچ صورتوں میں کہ اُن میں اختلاف ہے (ردالمختار)

بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۴ - یوں سب دادیوں کے سلسلے میں داخل ہیں ایسے ہی ہو مال کے سلسلے میں - خواہ ماں کے سلسلے والیاں ہوں جیسے میت کی ماں کی ماں کی ماں کی ماں جہاں تک اوپر ہوں خواہ دادا یا پڑدادا کے سلسلے والیاں ہوں - سب نانیوں کے سلسلے میں داخل ہیں اور نانی و دادی دونوں جدہ صحیحہ ہیں۔

لہ فرض مطلق مثلاً میت جب باپ بیٹا یا پوتا چھوڑے تو اس صورت میں باپ کو فقط سدس ہی ملتا ہے اسلئے کہ اس وقت وہ محض ذی فرض ہی ہے - قال اللہ تعالیٰ - وَلِاَبَوَیْهِ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَکَ اِنْ کَانَ لَهٗ وَلَدٌ۔

مسئلہ ۶ — میت
ابن - ف - ۱ - پسر

ے فرض و تعصیب دونوں مثلاً میت - باپ - بیٹی یا پوتی کو چھوڑے - تو اس صورت میں باپ کو سدس بطور فرض کے اور بیٹی کے فرض سے بچا ہوا مال بطریق تعصیب کے ملیگا - فرض حسب آیۃ وَلِاَبَوَیْهِ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ الخ اور تعصیب حسب فرمان ذیشان سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم اَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِاَهْلِهَا فَمَا اَبْقَتْهُ فَلِاَوْلٰی رَجُلٍ ذَکَرٍ کے ہے۔

مسئلہ ۶ — میت
اب - ۲ - بنت ۳ - ف

سے تعصیب محض میت بیٹا - بیٹی پوتا - پوتی وغیرہ اولاد ذکور و اناث میں سے کسی کو نہ چھوڑے اور صرف باپ کو چھوڑے یا باپ کے ساتھ سوائے اولاد ذکور و اناث کے کسی اور ذی فرض کو چھوڑے اور ان دونوں صورتوں میں باپ کیلئے کوئی حصہ معین نہ ہوگا - بلکہ دوسری صورت میں اولاد کے اور نیز کبھی بھی نہ ذی فرض کے کل مال لے گا اور بصورت موجود ہونے کسی ذی فرض کے سوا اولاد کے اسکے فرض سے بچا ہوا مال لیگا - مثلاً مسئلہ اب - ام قال اللہ تعالیٰ - فَاِنْ لَّمْ یَکُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ے خلاً بیٹا یا پوتا موجود نہ ہو

پہلی صورت۔ میّت باپ بالاتفاق میّت کی دادی کا حاجب ہے۔ لیکن میّت کا دادا میّت کی دادی کا حاجب نہیں۔

دوسری صورت۔ میّت کے سگے اور سوتیلے بھائی۔ بہنیں میّت کے باپ کی موجودگی میں بالاتفاق محروم ہیں۔ ایسے ہی امام اعظمؒ کے نزدیک دادا بھی ان کو محجوب کر دیتا ہے۔ لیکن صاحبین کے طریق پر دادا ان کا حاجب نہیں ہے۔ فتوٰے امام اعظمؒ کے قول پر ہے۔

تیسری صورت۔ جب میّت ماں باپ کو بمعیت زوج یا زوجہ کے چھوڑے تو ماں کو اَحَدُ الزَّوجَین کے حصہ منہا کرنے کے بعد جو کچھ باقی رہے۔ اسکا ثلث بالاتفاق ملتا ہے۔ لیکن بجائے باپ کے اگر میّت کا دادا موجود ہو تو فقط ابو یوسفؒ کے نزدیک ثلث باقی ملتا ہے۔ مگر امام اعظمؒ اور امام محمدؒ کے مسلک پر ثلث کل ملتا ہے۔ اسی پر فتوٰی ہے۔

چوتھی صورت۔ اگر میّت اپنے مولی العتاقہ کے باپ اور بیٹے کو چھوڑے تو ابو یوسفؒ کے طریق پر باپ کو سدس اور باقی بیٹے کو ملتا ہے۔ اور طرفین کے نزدیک کل بیٹے ہی کو ملتا ہے۔ لیکن باپ کی جگہ اگر دادا ہے۔ تو بالاتفاق کل بیٹے ہی کو پہنچتا ہے اور دادا محجوب رہتا ہے۔

پانچویں صورت۔ جب میّت اپنے مولی العتاقہ کے باپ اور بھائی کو چھوڑے تو بالاتفاق کل ترکہ باپ لیتا ہے۔ اور بھائی کو کچھ نہیں ملتا۔ لیکن بجائے باپ کے اگر دادا ہے تو فقط امام اعظمؒ کے نزدیک وہ کل ترکہ پاتا ہے۔ اور صاحبین کے مسلک پر ترکہ بھائی اور دادا کے درمیان نصفا نصف تقسیم ہوتا ہے:

سوم و چہارم۔ اولاد الاُم۔ اخیافی بھائی بہن۔ ان کی تین حالتیں ہیں۔

(۱) سُدس[1]۔ جبکہ اخیافی بھائی یا بہن ایک ہو۔

(۲) ثلث[2]۔ جبکہ دو یا زیادہ ہوں۔

سلہ یہی مسلک شافعیہ۔ مالکیہ۔ حنابلہ کا ہے:

سلہ میّت نے اگر ایک اخیافی بھائی یا بہن کو چھوڑا ہے۔ تو اسکو دوسرے ذی فرض یا عصبہ کے ساتھ فقط سدس ملتا ہے۔ قال اللہ تعالی۔ وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗۤ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ میں۔

مسئلہ ۱ — اخ عینی اخیافی

سلہ جب میّت نے دو یا زیادہ اخیافی بھائی بہنوں کو چھوڑا ہے خواہ سب بھائی ہوں یا سب بہنیں ہوں تو انکو ایک ثلث ملتا ہے وہ آپس میں اسے برابر تقسیم کریں۔ اولاد الام میں بھائی بہن کو برابر حصہ ملتا ہے۔ قال اللہ تعالی۔ فَاِنْ كَانُوْۤا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِی الثُّلُثِ

مسئلہ ۳ — اخ علّی۔ اخیافیان

(۳) محجوب[۱] - جبکہ میت کی اولاد یا میت کا باپ یا دادا موجود ہو:

پنجم - زوج - میت کا شوہر - اسکی دو حالتیں ہیں:

(۱) نصف[۲] - جبکہ اولاد نہ ہو: (۲) ربع[۳] (چوتھائی) اولاد کے ساتھ -

ششم - زوجہ - میت کی بیوی - اسکی دو حالتیں ہیں:

(۱) ربع[۴] جبکہ اولاد نہ ہو (۲) ثمن[۵] (آٹھواں حصہ) اولاد کے ساتھ -

اگر میت نے ایک سے زیادہ بیویاں چھوڑی ہیں تو وہ سب اسی ربع یا ثمن میں برابر حصہ کیساتھ شریک رہینگی -

ہفتم - بنت - میت کی بیٹی - اس کی تین حالتیں ہیں -

(۱) نصف[۶] جبکہ وہ ایک ہے - (۲) ثلثان[۷] (دو ثلث) جبکہ دو یا زیادہ ہوں:

---

[۱] محجوب اسلئے ہے کہ انکی وراثت کلالت سے مشروط ہے اور کلالہ اس میت کو کہتے ہیں جو اپنے پیچھے ماں باپ یا اولاد میں سے جو وارثان اصلی ہیں کسی کو نہ چھوڑے اور وارث کو بھی کہتے ہیں جو میت کے وارثان اصلی میں سے نہ ہوں - پہلی صورت میں کلالہ میت کی صفت ہے - جیسا کہ ابن عباسؓ نے روایت کی ہے انہ سئل عن الکلالۃ فقال من لا ولد لہ ولا والد - اور دوسری صورت میں وہ ورثہ کی صفت ہے - جیسا کہ ابو سلمہ بن عبدالرحمن روایت کرتے ہیں - ان سئل عن الکلالۃ فقال من مات ولیس لہ ولد ولا والد فورثتہ کلالۃ " بہرحال وارثان اصلی کے ہوتے ہوئے ترکہ میت میں سے کلالہ کو کچھ نہیں ملسکتا:

[۲] نصف میت کی اولاد زوج کا حصہ گھٹا دیتی ہے پس اگر میت عورت ہے اور اس نے اپنے شوہر کو چھوڑا ہے اور اولاد میں سے کسی کو نہیں چھوڑا تو زوج کو نصف ترکہ ملیگا مسئلہ ۲ میت - زوج ، عم - حسب آیہ کریمہ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُنَّ وَلَدٌ"

[۳] ربع (چوتھائی) اگر میت نے اپنی اولاد کو بھی چھوڑا ہے - تو شوہر کا حصہ نصف سے گھٹ کر چوتھائی رہ جاتا ہے - مثلاً مسئلہ ۴ میت - زوج - بنت - حسب آیہ کریمہ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ

[۴] ربع - اگر میت مرد ہے اور اس نے اپنی بیوی کو چھوڑا ہے اور اسکے ساتھ اولاد میں سے کسی کو نہیں چھوڑا وہ اولاد اسی زوجہ سے ہو خواہ دوسری سے تو اس صورت میں زوجہ کا حق چوتھائی ہے پھر اگر ایک سے زیادہ بیں تو سب سکو آپس میں برابر بانٹ لیں - قال اللہ تعالٰی - وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكُمْ وَلَدٌ [۵] اگر اولاد میں سے کوئی موجود ہے - تو حصہ زوجہ کا ربع سے گھٹ کر آٹھواں حصہ رہ جاتا ہے - قال اللہ تعالٰی :- فَإِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ وَاد

[۶] نصف - قال اللہ تعالٰی وَإِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ

[۷] ثلثان - دو تہائی - قال اللہ تعالٰی وَإِنْ كُنَّ نِسَاءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ

اس آیت میں فقط دو سے زیادہ نساء کے حکم کی تصریح ہے - لیکن حضرت ابن عباسؓ کے سوائے دوسرے تمام اصحٰی رضوان اللہ علیہم اجمعین اس امر میں متفق ہیں - کہ دو بھی جماعت کے حکم میں ہیں - لہذا دو نساء کا حصہ بھی دو ثلث ہی ہے -
(خلاصہ شروح سراجی)

(۷) نصف[۸] بیٹے سے بطریق لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ۔ جبکہ میت کا بیٹا موجود ہو۔

ہشتم۔ بنت الابن۔ میت کی پوتی اسکی چھ حالتیں ہیں:

(۱) نصف[۱] جبکہ وہ ایک ہے (۲) ثلثان، اگر دو یا زیادہ ہیں۔

(۳) سدس[۲]، میت کی ایک بیٹی کے ساتھ (۴) محجوب[۳] بشرطیکہ میت کی دو بیٹیاں موجود ہوں۔ اور پوتا یا پڑپوتا نہ ہو:

۵ نصف[۴] پوتے سے بطریق لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ اگر اسکے ساتھ پوتا بھی ہو۔

(۶) محجوب اگر بیٹا موجود ہے:

نہم۔ اُخت لاب و اُم۔ حقیقی بہن اس کی پانچ حالتیں ہیں:۔

(۱) نصف[۵]۔ جبکہ ایک ہو (۲) ثلثان[۶]، اگر دو یا زیادہ ہیں۔

---

[۱] نصف اسلئے کہ صلبی بیٹی کے نہ ہوتے ہوئے پوتی اسکے قائمقام ہو جاتی ہے اور مثل بیٹی کے ترکہ کی مستحق بن جاتی ہے: بالاتفاق:

[۲] سدس اسلئے کہ پوتی بمنزلہ بیٹی کے ہے اور ایک سے زیادہ بیٹیوں کا حق دو ثلث ہے۔ پس جب میت کی ایک ہی بیٹی ہے اور اسے نصف مل گیا ہے۔ تو حق بنات میں سے سدس جو باقی رہ گیا ہے۔ وہ سدس تکملہ ثلثین کیلئے پوتی کو ملتا ہے۔ یہی قاعدہ ہر نیچے کے درجہ والیوں کا ہے۔ مثلاً اگر میت نے ایک پوتی کو چھوڑا ہے تو پوتی کو نصف اور پڑپوتی کو تکمیل ثلثین کے لئے سدس دیا جائے گا۔ مثلاً مسئلہ ۲ بنت، بنت الابن ۔ مسئلہ ۲ بنت الابن، بنت ابن الابن:

[۳] محجوب۔ اسلئے کہ بیٹیوں نے کامل حق دو ثلث لے لیا ہے۔ اور اسمیں سے کچھ باقی نہیں رہا جو پوتی کو ملتا۔ لہذا وہ محروم ہو گئی۔ لیکن اگر اسکے ساتھ پوتا یا پڑپوتا یا اس سے نیچے کے درجہ کا کوئی اولاد ذکور میں سے ہے۔ تو پوتی ان کی جہت سے عصبہ ہو جاتی ہے۔ یہی حال ہر نیچے کے درجہ والیوں کا ہے جبکہ اوپر والیاں ایک سے زیادہ ہوں تو نیچے کے درجہ والیاں محروم ہو جاتی ہیں:

[۴] اسلئے کہ ولد صلب میں سے اگر کوئی باقی نہ رہے تو پوتا اسکے قائمقام ہو جاتا ہے۔ اور مثل بیٹے کے اپنی بہن کو عصبہ کر دیتا ہے۔ جس سے پوتی بالاتفاق بطریق عصبیت مستحق ترکہ بن جاتی ہے:

[۵] نصف موافق آیہ کریمہ وَلَهُ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ

[۶] ثلثان قال اللہ تعالیٰ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مرجع ضمیر حقیقی یا علاتی بہنیں ہیں۔ اسلئے کہ اخیافی بہن بھائیوں کے استحقاق ترکہ کا بیان آیت مواریث میں ہے۔ (شرح سراجی)

[۷] نصف بیٹے سے۔ میت جب بیٹی کے ساتھ بیٹے کو بھی چھوڑے تو بیٹی عصبہ بنجاتی ہے۔ بیٹے کی جہت سے اور اسے بیٹے سے نصف ملتا ہے۔ مثلاً اگر ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہے۔ تو مال کے تین حصے کر کے دو بیٹے کو اور ایک بیٹی کو دینگے۔ قال اللہ تعالیٰ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْۤ اَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ

(۳) نصف[1] بھائی سے بطریق لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ ، جبکہ میت کا حقیقی بھائی موجود ہو۔

(۴) تقسیم سے بچا ہوا مال بطریق عصبیت[2] کے اگر بیٹی یا پوتی موجود ہے۔

(۵) محجوب ، حاجب کل کے ساتھ۔ مثلاً جبکہ بیٹا یا پوتا یا باپ یا دادا[3] میں سے کوئی ایک موجود ہو۔

دہم۔ اخت لِأبٍ۔ سوتیلی بہن۔ اور اس کی سات حالتیں ہیں۔

(۱) نصف[4] اگر ایک ہے

(۲) ثلثان جبکہ دو یا زیادہ ہوں۔

(۳) سُدس[5] میت کی حقیقی بہن کے ساتھ

(۴) محجوب ، اگر میت کی دو حقیقی بہنیں ہوں۔

اور سوتیلا بھائی موجود ہو

(۵) نصف بھائی سے بطریق لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ

جبکہ سوتیلا بھائی موجود ہو۔

(۶) فوی الفروض سے بچا ہوا مال[6] بطریق عصبیت

کے جبکہ میت کی بیٹی یا پوتی موجود ہو۔

(۷) محجوب حاجب کل کے ساتھ۔ مثلاً بیٹا۔ پوتا

باپ دادا۔ سگا بھائی۔ یا سگی بہن[7]۔ بیٹی یا پوتی کے ساتھ موجود ہو۔

---

[1] نصف۔ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فَاِنْ کَانُوْا اِخْوَۃً رِّجَالًا وَّ نِسَاءً فَلِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ

[2] بطریق عصبیت۔ قال علیہ الصلوٰۃ والسلام اجعلوا الاخوات مع البنات عصبۃ کہ میت کی بہنوں کو اسکی بیٹیوں کے حصے سے بچا ہوا مال دیا جائے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ایک میت کے ترکہ کی نسبت (جسنے اپنے پیچھے ایک بیٹی ایک پوتی اور ایک بہن چھوڑی تھی) فرماتے ہیں۔ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ کہ آپنے ایسی صورت میں بیٹی کو نصف۔ پوتی کو سدس تکمیل ثلثین کیلئے اور باقی مال میتہ کی بہن کو دیدیا تھا (خلاصہ شرح سراجی)

[3] محجوب یہ مختار حضرت امام اعظم رح کا ہے کہ دادا کے ہوتے ہوئے حقیقی یا علاتی بھائی بہن محروم ہوجاتے ہیں اور اسی قول پر فتویٰ ہے۔ اور صاحبین کے نزدیک جد صحیح کسی قسم کے بھائی بہن کا حاجب نہیں۔

[4] نصف علاتی بہن یا بہنیں نصف یا ثلثان اسوقت لے سکتی ہیں۔ کہ میت کی حقیقی بہن نہ ہو۔ اور یہ اسی لئے کہ میراث میں صلبی بہنیں بیٹیوں کی بجائے اور علاتی بہنیں پوتیوں کے درجہ میں گنی جاتی ہیں۔

[5] سُدس۔ اسلئے کہ اخوات کا کامل حق دو ثلث ہے جسمیں سے صرف نصف ایک اُخت کو ملا ہے۔ لہذا تکمیل ثلثین کے لئے بقیہ سدس علاتی بہن کو دیا گیا۔ [6] بچا ہوا مال۔ اسلئے کہ میت کی اولاد اناث مثل بیٹی۔ پوتی کے ساتھ ہمیشہ حقیقی ہو۔ خواہ علاتی عصبہ بن جاتی ہے۔ جیسا کہ بیان ہو چکا ہے۔ لیکن حقیقی بہن اگر بیٹی یا پوتی کیساتھ موجود ہو تو اسوقت علاتی بہن محجوب ہو جاتی ہے

[7] بیٹی یا پوتی کے ساتھ ہونے کی قید اسلئے ہے کہ سگی بہن بیٹی یا پوتی کے ساتھ جمع ہو کر عصبہ بنجاتی ہے۔ اسوقت سوتیلی بہن کو کچھ نہیں ملتا۔ ورنہ صرف سگی بہن کے ہوتے ہوئے سوتیلی بہن محجوب نہیں ہوتی۔ بلکہ اسکے ساتھ سُدس پاتی ہے

(۶) محجوب۔ جبکہ حاجب کل موجود ہو۔ پس جدہ قریبہ کی موجودگی میں بعیدہ اور ماں کی موجودگی میں نانیاں، دادیاں۔ اور باپ کے ہوتے ہوئے صرف دادیاں محروم ہوجاتی ہیں۔ ایسے ہی دادا کی موجودگی میں باپ کے جانب کی وہ دادیاں جو دادا[1] کے اوپر کے درجہ کی ہیں محروم ہوجاتی ہیں :

تشریح

جدات صحیحہ سے تمام دادیاں مراد ہیں اور نیز وہ نانیاں جو بلا توسط نانا کے میت کے ساتھ علاقہ قرابت رکھتی ہیں۔ اور وہ نانیاں جو نانا کے واسطہ سے میت کے ساتھ علاقہ رکھتی ہیں۔ جدات فاسدہ کہلاتی ہیں۔ جیسے نانا کی ماں۔ نانا کے باپ کی ماں۔ نانا کے ماں کی ماں بہرحال جدات فاسدہ کی شناخت کا مختصر قاعدہ یہ ہے۔

دیکھو صفحہ نمبر ۲۲

---

[1] دادا سے اوپر کے درجہ والیاں جسطرح اَبْ کے ہوتے ہوئے صرف ابویات محروم ہوتے ہیں۔ نہ امیات اسی طرح جد صحیحہ کے ہوتے ہوئے بھی صرف ابویات ہی محروم ہوگے ہیں۔ مگر جسطرح اَبْ کی موجودگی میں کل ابویات محروم ہوجاتے ہیں۔ اسطرح جد صحیح کے ہوتے ہوئے کل ابویات محروم نہیں ہوتیں۔ بلکہ صرف وہی جو جد صحیح ہے۔ اوپر کے درجہ والیاں ہیں۔ نہ وہ ابویات جو دادا کے درجہ میں ہیں۔ پس جدّہ صحیح کے ساتھ جد کی ماں محروم رہے گی۔ اور جد کی زوجہ محروم نہ ہوگی۔ اسلئے کہ اسکا علاقہ میت سے بواسطہ اَبْ کے ہے :

عصبات

عصبات - میّت کے اِن قرابتداروں کو کہتے ہیں - جنکا حصّہ ذوی الفروض کی طرح معیّن نہیں اور وہ اس مال کو لیتے ہیں - جو ذوی الفروض کے حصّوں سے بچ رہتا ہے - اور دوصورت نہ ہونے ذوی الفروض کے کل مال پاتے ہیں - اور یہ دو قسم ہیں - ایک نسبی - دوم سببی -

(۱) عصبہ نسبی کی پھر تین قسم ہیں - عصبہ[۱] بنفسہ - عصبہ[۲] بغیرہ - عصبہ[۳] مع غیرہ -

عصبہ بنفسہ - اس عصبہ مذکر کو کہتے ہیں - جو میّت متوفی کے ساتھ صرف ایک واسطہ یا واسطہ ہائے[۲] مذکر کے ذریعہ سے قرابت رکھتا ہو مثلاً بیٹا اور بیٹے کا بیٹا اسکے بیٹے کا بیٹا - باپ اور باپ کا باپ اُسکے باپ کا باپ - بہرحال -

عصبہ بنفسہ کے چار صنف ہیں - جنکا حق تعصب ترتیباً حسب ذیل ہے -

اوّل فرع میّت - میّت کا جزو جیسے بیٹا - پوتا - پڑپوتا اور جو اس سے نیچے درجہ کا ہو -

دوم اصل میّت جیسے باپ دادا - پردادا - اور جو اس سے اعلیٰ درجہ کا ہو -

سوم فرع اب میّت - باپ کی اولاد - باپ کی اولاد کی اولاد خواہ کتنی ہی دور کی ہو جیسے سگا بھائی - سوتیلا بھائی - سگا بھتیجہ - سوتیلا بھتیجا -

چہارم فرع جد میّت دادا کی اولاد اور دادا کی اولاد کی اولاد خواہ کتنی ہی دور کی ہو جیسے سگا چچا علاتی چچا سگے چچے کا بیٹا - علاتی چچا کا بیٹا -

الغرض ترتیب بالا کے مطابق صنف اوّل کی موجودگی میں باقی تمام اصناف حق عصوبت[۳] سے محجوب رہیں گے - اور اس کی عدم موجودگی پر صنف مابعد کو حق حاصل ہوگا - پھر ہر ایک صنف میں بھی جو میّت سے زیادہ قریب ہوگا وہ بعید پر مقدم رہیگا اور قریب ہم درجہ میں بھی قوت قرابت کو ترجیح ہوگی - پس سگا بھائی علاتی بھائی پر اور سگے بھائی کا بیٹا علاتی بھائی کے بیٹے پر مقدم رہیگا -

---

[۱] مذکر کی قید اس لئے ہے کہ مونث عصبہ بنفسہ نہیں ہوتی -

[۲] واسطہ مذکر کی قید اس لئے ہے کہ جو شخص میّت سے بواسطہ مونث علاقہ رکھتا ہے - وہ عصبہ بنفسہ نہیں ہوتا جیسے اخیافی بھائی بہن کہ وہ صاحب فرض ہیں اور نواسا - نانا - ماموں وغیرہ کہ وہ ذوی الارحام ہیں -

[۳] مثلاً بیٹے یا پوتے کی موجودگی میں باپ یا دادا اور بھائی وغیرہ کو بطریق عصبیت کچھ نہیں مل سکتا -

[۴] اسی طرح سگے بھائی کی موجودگی میں علاتی بھائی بہن بطریق عصبیت کچھ نہیں لے سکتے - سگی بہن - مشترکہ

عصبہ بغیرہ اس مؤنث ذی فرض[1] کو کہتے ہیں جو اپنے ہم درجہ عصبہ یا کم درجہ عصبہ بھائی کی وجہ سے عصبہ ہو کر قاعدہ لِلذّکر مِثلُ حظِّ الانثیین کے مطابق حصہ پاتی ہے۔ اور یہ چار[2] عورتیں ہیں بیٹی[1] پوتی۔ سگی بہن[2]۔ سوتیلی بہن[3] جو بترتیب بیٹا۔ پوتا۔ سگا بھائی۔ سوتیلا بھائی کے ساتھ عصبہ بنتی ہیں

عصبہ[3] مع غیرہ۔ اس مؤنث ذی فرض کو کہتے ہیں جو دوسری مؤنث ذی فرض کی موجودگی میں عصبہ ہو کر صرف حصہ باقی پاتی ہے اور مؤنث مذکور کو بدستور ذی فرض رکھتی ہے۔ جیسا کہ سگی بہن اور سوتیلی بہن میں سے ایک میت کی بیٹی یا پوتی کی موجودگی میں حصہ باقی پاتی ہے:

تشریح

عصبہ بغیرہ اور عصبہ مع غیرہ درحقیقت ذوی الفروض سے ہیں۔ جیسا کہ ذوی الفروض کے حالات میں بتایا گیا ہے۔ بہرحال ان دونوں کی حالت تعصیب بالکل عارضی حیثیت سے ہے۔ بطور جوہ عالتو ل

بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۳ میت مسئلہ ۲ / بنت بنو العلات کہ بنت کو بطریق فرض نصف اور بہن کو بطریق عصوبت دوسرا نصف دیا گیا ہے اور علاتیوں کو کچھ نہیں دیا گیا اسلئے کہ صلبی بہن قوت قرابت میں علاتیوں سے قوی ہے۔ قال علیہ السلام ان اعیان بنی الأم یتوارثون دون بنی العلات یعنی علاتیوں سے ہر لحاظ اولیٰ اور مقدم ہیں۔ اسی طرح عم میت مقدم ہے عم اب میت کے اور وہ مقدم ہے عم جد میت پر بلحاظ درجہ اور ان میں بھی بلحاظ قوت قرابت صلبی عم علاتی عم پر مقدم رہیگا۔ (خلاصہ مطولات)

[1] ذی فرض کی قید اس لئے ہے کہ جو عورت صاحب فرض نہیں، وہ بھائی کے ساتھ ملنے سے عصبہ نہیں بنتی۔ جیسے چچا اور پھوپھی کہ چچا پھوپھی کو محروم کر دیتا ہے۔ اسی طرح چچا کی بیٹی چچا کے بیٹے کے ساتھ مل کر کچھ نہیں لیتی۔ ایسے ہی بھتیجا بھتیجی کو محروم کر دیتا ہے

[2] یہ چار ہیں۔ جن کا فرض نصف و ثلثان ہے یعنی ایک ہونے کی صورت میں نصف اور دو یا زیادہ ہونے کی صورت میں ثلثان پاتی ہیں

[3] بیٹا یعنی بیٹی بیٹے (یا اپنے) یا پوتے یا اس سے نیچے کے عصبہ بھائی کے ساتھ۔ اور پوتی پوتے (یا پڑپوتے) یا اس سے نیچے درجہ کے عصبہ بھائی کے ساتھ۔ اور سگی بہن سگے بھائی اور سوتیلی بہن سوتیلے بھائی کے ساتھ عصبہ بن کر حصہ مذکر سے نصف حصہ باقی پاتی ہے:

[4] عصبہ مع غیرہ۔ اور عصبہ بغیرہ میں فرق یہ ہے کہ عصبہ بغیرہ میں جو غیر ہے وہ خود عصبہ ہوتا ہے اور اس کی عصوبت مؤنث کی طرف متعدی ہوتی ہے۔ [illegible] غیر عصبہ نہیں ہے بلکہ عصوبت اس مؤنث کو ہوتی ہے۔ اس حیثیت کی اجتماع سے ہوتی ہے: مثلاً جیسا کہ میت [illegible] کہ بیٹی کو بوجہ ذی فرض ہونے کے نصف اور بہن کو بوجہ عصوبت دوسرا نصف دیا گیا ہے۔ اسی طرح میت مسئلہ [illegible] میت مسئلہ [illegible] بنت بنت الابن اخت [illegible] وحمیت مسئلہ ۶ / بنت بنت الابن اخت لاب عم / محروم

بقولہ علیہ السلام اجعلوا الاخوات مع البنات عصبۃ

ہیں یہ عصبہ ہوجاتی ہیں دوسرے بعید تر درجہ کے عصبات کو کچھ نہیں ملتا؛

عصبہ سببیہ

عصبہ سببی۔ آزاد کنندہ جسکو مولی العتاقہ بھی کہتے ہیں۔ اگر کوئی غلام آزاد ہوجانے کے بعد مر جائے۔ اور اسکا کوئی وارث ذوی الفروض یا عصبات نسبی سے موجود نہ ہو۔ تو اس کا آزاد کنندہ یا اُس کے آزاد کنندہ کا آزاد کنندہ مرد ہو خواہ عورت عصبہ سببیہ کی حیثیت سے وارث ہوگی اگر ایسا عصبہ سببیہ بھی نہ ہو تو اسکا عصبہ عصبہ ترتیب گذشتہ کے مطابق وارث ہوگا۔ اور اس کے عصبہ[1] بغیرہ اور عصبہ مع غیرہ کو کچھ نہیں ملتا؛

حجب

حُجب کے معنی لغت میں حائل ہونے اور باز رکھنے کے ہیں اور اصطلاح فرائض میں یہ ہے کہ ایک وارث کو بسبب ہونے دوسرے وارث کے کم ملے یا کچھ نہ ملے۔

حجب کی دو قسمیں ہیں (۱) حُجب نقصان (۲) حُجب حرمان۔

حُجب نقصان یہ ہے کہ ایک وارث کو دوسرے وارث کی موجودگی میں کم ملے۔ جیسا کہ بعض حالات میں زوج[2] ۔زوجہ ۔ماں ۔پوتی ۔سوتیلی بہن کا حصہ گھٹ جاتا ہے؛

حجب حرمان۔ یہ ہے کہ ایک وارث کو دوسرے وارث کی موجودگی میں کچھ بھی نہ ملے۔ اس کے

---

[1] عصبہ بغیرہ۔ یعنی آزاد شدہ غلام یا لونڈی کے ترکہ میں سے آزاد کنندہ کے عصبہ بغیرہ اور عصبہ مع غیرہ کو کچھ نہیں ملتا بلکہ اس کا مستحق محض عصبہ بنفسہ ہوتا ہے۔ قال علیہ السلام لیس للنساء من الولاء الا ما اعتقن او اعتق من اعتقن الخ۔ مثلاً ہندہ کا آزاد کردہ غلام خالد اگر فوت ہو جائے اور اپنے پیچھے ذوی فروض و عصبات نسبیہ میں سے کسی وارث کو نہ چھوڑے اور ہندہ بھی ایک بیٹا اور بیٹی چھوڑ کر مر جائے تو خالد کا تمام ترکہ ہندہ کا بیٹا پائے گا۔ اور ہندہ کی دختر اپنے بھائی کی وجہ سے عصبہ بغیرہ بنکر محروم رہ جائے گی؛

[2] شرح۔ اسطرح کہ زوج کو عدم موجودگی اولاد کے وقت نصف ملتا ہے اور اولاد کیساتھ اسکا حصہ گھٹ جاتا ہے اور فقط ربع ملتا ہے۔ ایسے ہی زوجہ کو ربع ملتا ہے اور اولاد کے ساتھ ثمن۔ اور ام کو ثلث ملتا ہے اور اولاد کے ہونے سے فقط سدس۔ اور پوتی کو نصف ملتا ہے لیکن بیٹی کے ہونے سے فقط سدس باقی ہے اور سوتیلی بہن کو بھی نصف ملتا ہے۔ لیکن اگر سگی بہن کے ساتھ ہو سدس پاتی ہے۔ جیسا کہ سابق میں انکے حالات میں ذکر ہو چکا ہے

دو اصول ہیں۔ اول یہ کہ جس شخص کا رشتہ قرابت میت کیساتھ بالواسطہ ہو اس واسطہ کی موجودگی میں شخص متوسط عموماً محجوب ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ دادا[1] کو باپ کی موجودگی میں اور پوتے کو بیٹے کے ساتھ کچھ نہیں ملتا مگر اخیافی بھائی بہن کو ماں کی موجودگی میں حجب حرمان نہیں ہے:

اصول دوم۔ یہ کہ ایک نوعیت کے دو وارثوں میں وارث قریب کے وارث بعید محجوب ہو جاتا ہے۔ جدات صحیحہ میں نانی کے سامنے باپ کی نانی محروم رہتی ہے۔ اور ایک بیٹے[2] کا پوتا دوسرے بیٹے کے پڑپوتے کا حاجب ہوتا ہے۔ اسی طرح عصبات میں ایک صنف کے ورثۂ قریب ورثۂ بعید کے حاجب ہوتے ہیں:

فائدہ۔ ممنوع[3] کسی دوسرے وارث کو محروم نہیں کرتا۔ لیکن محجوب دوسرے وارث کا حاجب ہو سکتا ہے:

[1] اسلئے کہ دادا اب کے واسطہ سے منسوب ہے۔ اب کے ہوتے ہوئے محروم ہو جاتا ہے۔ اور پوتا جو ابن کے واسطہ سے منسوب ہے۔ ابن کے ہوتے محروم رہجاتا ہے۔ لیکن اخیافی بھائی بہنیں باوجودیکہ اُمّ کی واسطہ سے منسوب ہوتی ہیں۔ مگر اُمّ کے ہوتے محروم نہیں ہوتیں۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ منسوب الیہ کے ہونے سے منسوب اسوقت محروم ہوتا ہے کہ منسوب الیہ کل ترکہ کا مستحق ہو۔ یا دونوں ایک جہت سے میراث پانے کا استحقاق رکھتے ہیں۔ پس اُمّ نہ کل ترکہ پانے کا حق رکھتی ہے۔ اور نہ اُمّ و اولاد الام دونوں ایک جہت سے میراث پانے کے حقدار ہیں۔ بلکہ اُمّ ماں ہونے کی جہت سے مستحق ترکہ ہے۔ اور اولاد الام بھائی بہن ہونے کی جہت سے حقدار ہیں۔ اور انفرادی حالت میں جہاں کہیں اُمّ کل ترکہ پاتی ہے۔ وہ ایک جہت سے اسکی مستحق نہیں ہوتی۔ بلکہ بعض بواسطہ فرض اور بعض بواسطہ اسکو ملتا ہے۔ بخلاف عصبات کے مثلاً باپ بطریق عصبیت کل ترکہ لے سکتا ہے۔ لہٰذا اس کی موجودگی میں میت کا دادا محجوب ہو جاتا ہے:

[2] مثلاً ایک شخص نے ایک بیٹا چھوڑا اور دوسرے بیٹے سے پوتا اور تیسرے سے پڑپوتا تو بیٹا کو اقرب ہے پوتے اور پڑپوتے کو محجوب کر دیتا ہے۔ [3] ممنوع وہ شخص ہے جس میں کوئی مانع موانع ارث میں سے پایا جائے جس سے وہ میراث سے بالکلیہ محروم ہو جاتا ہے جیسے غلام یا قاتل مثلاً ایک شخص مرا۔ اور اس نے ابن جو غلام یا قاتل ہے اور اُمّ کو چھوڑا تو اس صورت میں اُمّ کو باوجود ابن کے ثلث ملیگا نہ کہ سدس۔ اسیطرح اس صورت میں بجائے اُمّ کے اگر ابن الابن ہوتا تو وہ باوجود ابن کے محجوب نہ ہوتا بلکہ کل مال لیتا۔ یہ قول عامہ صحابہ رضی اللہ عنہم کا ہے اور یہی مسلک حنفیہ ہے۔ لیکن عبد اللہ بن مسعودؓ کے نزدیک ممنوع حاجب ہوتا ہے۔ حجب نقصان نہ حجب حرمان پس انکے نزدیک پہلی صورت میں اُمّ کو سدس ملتا ہے۔ نہ ثلث [4] محجوب وہ شخص ہے جکو بسبب ہونے دوسرے وارث کے کم ملے یا کچھ نہ ملے پس محجوب دوسرے کا حاجب ہوتا ہے۔ جیسے دو بھائی یا بہنیں اب کے ہونے محجوب ہیں۔ لیکن ام کا حصہ ثلث سے گھٹا کر سدس کر دیتے ہیں۔ ایسے ہی دادی باپ کے ہوتے محجوب ہے۔ لیکن ماں کی نانی کو محجوب کر دیتی ہے:

تشریح

نظر تعمق سے دیکھا جائے تو حجب حرمانی کا اطلاق صرف انہیں صورتوں تک محدود نہیں ہو سکتا جن میں ایک وارث دوسرے وارث کا حاجب ہوتا ہے بلکہ ان صورتوں میں بھی حجب کی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے جہاں ایک سے زیادہ ورثہ کا اجتماع کسی وارث کو محروم کر دیتا ہے مثلاً بنت و اُم و اب کی موجودگی میں یا ابن و اُم و بنت و زوجہ کے جمع ہونے کی صورت میں ابن الابن یعنی پوتا محروم رہ جاتا ہے ایسے ہی اُخت، اُخ اخیافی اور اُخت اخیافیہ کے مقابلہ میں اخ بھی درکنار کچھ نہیں پاتا:

نقشہ حاجب و محجوب

نمبر شمار	اسم حاجب	اسم محجوب۔ یعنی وہ وارث جنہیں حاجب کے سامنے کچھ نہیں ملتا۔
۱	میت کا بیٹا	پوتا، پوتی، پڑپوتا، پڑپوتی، حقیقی و علاتی بھائی، حقیقی علاتی بہن۔ حقیقی علاتی بھتیجا حقیقی و علاتی چچا، حقیقی و علاتی چچیرا بھائی۔ عصبات سببی ذوی الارحام اخیافی بھائی، اخیافی بہن۔
۲	بیٹی	اخیافیاں[1]۔ ذوی الارحام
۳	بیٹیاں	پوتی بشرطیکہ میت کا پوتا یا پڑپوتا یا کوئی اس سے نیچے درجہ کا موجود نہ ہو۔ پڑپوتی بشرطیکہ پڑپوتا یا اس سے نیچے درجہ کا پوتا موجود نہ ہو۔ اخیافیاں۔ ذوی الارحام
۴	میت کا پوتا	پڑپوتا، پڑپوتی، حقیقی و علاتی بھائی بہن۔ اخیافی۔ حقیقی، علاتی بھتیجا۔ حقیقی و علاتی چچا، حقیقی و علاتی چچیرا بھائی۔ عصبات سببی۔ ذوی الارحام۔

[1] اخیافیاں۔ یعنی اخیافی بھائی، اخیافی بہن۔ ایک سے خواہ زیادہ ہوں سب محجوب ہیں۔

نمبر شمار	حاجب	محجوب
۵	پوتی	اخیافیاں - ذوی الارحام
۶	پوتیاں	پڑپوتی (بشرطیکہ پڑپوتا یا اس سے نیچے کے درجہ کا پڑپوتا موجود نہ ہو) اخیافیاں - ذوی الارحام
۷	پوتی و پوتا	پڑپوتی (بشرطیکہ کسی درجہ کا پڑپوتا موجود نہ ہو) اخیافیاں - ذوی رحم
۸	میت کا بیٹا	موجودہ پڑپوتے سے نیچے کے درجہ کی تمام پڑپوتیاں، پڑپوتے - اخیافیاں - حقیقی و علاتی بھائی بہن - حقیقی و علاتی بھتیجا حقیقی و علاتی چچا - حقیقی و علاتی چچیرا بھائی - عصبات سببی ذوی الارحام -
۹	پڑپوتی	اخیافیاں ذوی الارحام
۱۰	پڑپوتیاں	نیچے کے درجہ کی پڑپوتیاں (بشرطیکہ انکا ہم درجہ یا نیچے کے درجہ کا پوتا موجود نہ ہو) اخیافیاں - ذوی الارحام
۱۱	پڑپوتی و پڑپوتا	نیچے کے درجہ کی پڑپوتیاں (بشرطیکہ انکے ساتھ انکا ہم درجہ یا نیچے کے درجہ کا پڑپوتا موجود نہ ہو) اخیافیاں - ذوی الارحام
۱۲	پڑپوتا و پڑپوتی	نیچے کے درجہ کی پڑپوتیاں (بشرطیکہ انکے ساتھ ہم درجہ یا نیچے کے درجہ کا پڑپوتا موجود نہ ہو) اخیافیاں - ذوی الارحام
۱۳	میت کا باپ	دادا - دادی - اخیافیاں - حقیقی و علاتی بھائی بہن - حقیقی و علاتی بھتیجا - حقیقی و علاتی چچا حقیقی و علاتی چچیرا بھائی - عصبات سببی - ذوی الارحام
۱۴	میت کا دادا	پڑدادا - اخیافیاں - حقیقی و علاتی بھائی بہن - حقیقی و علاتی بھتیجا - حقیقی و علاتی چچا حقیقی و علاتی چچیرا بھائی - عصبات سببی - ذوی الارحام
۱۵	ماں	نانی - دادی - ذوی الارحام
۱۶	دادی نانی	دور کی تمام نانیاں و دادیاں - ذوی الارحام

ے دو یا زیادہ پوتیاں - پڑپوتیوں کو محجوب کر دیتی ہیں - لیکن اگر انکے ساتھ کسی درجہ کا پڑپوتا ہو تو وہ عصبہ بنکر حصہ پاتی ہیں اور محروم نہیں ہوتیں۔

نمبر شمار	حاجب	محجوب
۱۷	حقیقی بھائی	علاتی بھائی بہن۔ حقیقی و علاتی بھتیجا۔ حقیقی و علاتی چچا۔ حقیقی و علاتی چچیرا بھائی۔ عصبات سببی۔ ذوی رحم۔
۱۸	حقیقی بہن	ذوی الارحام
۱۹	حقیقی بہنیں	علاتی بہن۔ بشرطیکہ میت کا علاتی بھائی موجود نہ ہو۔ ذوی رحم
	[illegible]	اخیافیاں۔ حقیقی و علاتی بھائی بہن۔ حقیقی و علاتی بھتیجا۔ حقیقی و علاتی چچا۔ حقیقی و علاتی چچیرا بھائی۔ عصبات سببی۔ ذوی الارحام
۲۰	پوتی یا پڑپوتی و حقیقی بہن	اخیافیاں۔ حقیقی و علاتی بھائی بہن۔ حقیقی و علاتی بھتیجا۔ حقیقی و علاتی چچا۔ حقیقی چچیرا بھائی۔ عصبات سببی۔ ذوی الارحام
۲۱	علاتی بہن یا بہنیں	ذوی الارحام
۲۲	بیٹی و علاتی بہن	اخیافیاں۔ حقیقی و علاتی بھتیجا۔ حقیقی و علاتی چچا۔ حقیقی و علاتی چچیرا بھائی عصبات سببی۔ ذوی الارحام
۲۳	[illegible]	اخیافیاں۔ حقیقی و علاتی بھتیجا۔ حقیقی و علاتی چچا۔ حقیقی و علاتی چچیرا بھائی عصبات سببی۔ ذوی الارحام
۲۴	[illegible]	ذوی الارحام
۲۵	حقیقی بھتیجا	علاتی بھتیجا۔ حقیقی و علاتی چچا۔ حقیقی و علاتی چچیرا بھائی۔ عصبات سببی۔ ذوی الارحام۔
۲۶	علاتی بھتیجا	حقیقی و علاتی چچا۔ حقیقی و علاتی چچیرا بھائی۔ عصبات سببی۔ ذوی رحم۔
۲۷	چچا	علاتی چچا۔ حقیقی و علاتی چچیرا بھائی۔ عصبات سببی۔ ذوی رحم۔
۲۸	علاتی چچا	حقیقی و علاتی چچیرا بھائی۔ عصبات سببی۔ ذوی الارحام
۲۹	چچیرا بھائی	علاتی چچیرا۔ عصبات سببی۔ ذوی الارحام
۳۰	علاتی چچیرا بھائی	عصبات سببی۔ ذوی الارحام

لہ اسلئے کہ حقیقی بہن بیٹی کے ساتھ عصبہ بنکر بقیہ لے لیتی ہے۔ اور دوسروں کو محجوب کر دیتی ہے

نمبر شمار	حاجب	محجوب
۳۱	عصبات سببی	ذوی الارحام
۳۲	ذی رحم صنف اوّل	ذوی الارحام۔ صنف دوم وسوم وچہارم
۳۳	ذی رحم صنف دوم	ذوی الارحام صنف سوم وچہارم
۳۴	ذی رحم صنف سوم	ذوی الارحام۔ صنف چہارم

ان قرابت داروں کی تفصیل جو وارث نہیں بن سکتے

نمبر شمار	حاجب	محجوب
۱	متبنّیٰ یا متبنّاۃ	اگر کسی مرد یا عورت نے کسی دوسرے کے لڑکے یا لڑکی کو گود میں لے لیا ہو۔ تو شرع شریف میں اُن میں سے کوئی شخص بحیثیت فرزند متبنّٰے ہونے کے کسی طرح کا کوئی حق توریث گود میں لینے والے کی جائداد میں نہیں رکھتا؛
۲	سوتیلا بیٹا (علاتی)	اگر کسی شخص کی دو زوجہ ہوں اور زوجہ ثانیہ لاولد مر جائے تو زوجہ اوّل کا بطنی فرزند بحیثیت بیٹا ہونے کے اس متوفیہ کا وارث نہیں ہو سکتا؛
۳	ربیب یا ربیبہ	وہ لڑکا یا لڑکی جو عورت اپنے پہلے شوہر کے نطفہ سے لیکر آئی ہے۔ وہ اس دوسرے شوہر کا ربیب یا ربیبہ کہلاتی ہے۔ اس حیثیت سے وہ شوہر ثانی کے ترکہ سے کچھ حصہ نہیں لے سکتا؛
۴	علاتی ماں	علاتی ماں ہونے کی حیثیت سے کوئی عورت سوتیلی اولاد کی وارث نہیں ہو سکتی۔
۵	بہو	ہر ایک عورت اپنے شوہر کے متروکہ میں مقررہ حق رکھتی ہے۔ لیکن وہ اپنے خسر کے متروکہ سے بحیثیت اُسکی بہو ہونے کے مستحق توریث نہیں ہے
۶	داماد	کسی شخص کو دامادی کی حیثیت سے اپنے خسر اور خوشدامن کی جائداد سے کوئی حصہ نہیں مل سکتا۔
۷	خسر و خوشدامن	کسی شخص کو خسر یا خوشدامن ہونے کی حیثیت سے اپنے داماد کی متروکہ سے کچھ نہیں مل سکتا؛
۸	چچی	چچا کی زوجہ بھتیجے اور بھتیجی کے میراث سے کچھ نہیں پاتی۔
۹	ممانی	ماموں کی زوجہ کو بھانجے یا بھانجی کے متروکہ سے کچھ نہیں ملتا۔

نمبر شمار	حاجب	محجوب
۱۰	دیور جیٹھ دیورانی جٹھانی نند	عورت متوفیہ کی جائداد سے اُسکے شوہر کا بھائی یا بہن یا اُسکے بھائی بہن کی زوجہ یا شوہر کو کوئی حق توریث نہیں ہے ؛
۱۱	سالا یا سالی	ان دونوں کو بہنوئی کی جائداد سے کوئی حق توریث نہیں ہے۔
۱۲	بہنوئی	اس کو بھی سالہ یا سالی سے کچھ نہیں ملتا ؛
۱۳	علاتی نانی یا دادی	عمو ماً جدات کو حقیقی نواسا یا نواسی حقیقی پوتا یا پوتی کی جائداد سے حصہ مل سکتا ہے لیکن غیر حقیقی سے انہیں کچھ نہیں ملتا ؛

تشریح

اگر کسی شخص کو رشتہ متصر خود قرابت کے سوائے اور کوئی حق توریث پہنچانے والی قرابت بھی ہو تو وہ متصر رشتۂ قرابت مانع توریث نہیں ہوسکتا۔ مثلاً جو لڑکا متبنے بنا لیا گیا ہے وہ میت کا بھتیجا بھی ہوتا ہے تو اس صورت میں وہ عصبہ بنفسہ کی حیثیت سے وارث ہو سکے گا ایسے ہی سوتیلا بیٹا اگر عصبہ یا ذی رحم ہے تو وہ اس حیثیت سے البتہ مستحق توریث ہو سکتا ہے ؛

جداول رشتہ میں سے استخراج مسائل کے لئے ہدائتیں

اگر یہ دریافت کرنا منظور ہے کہ میت کے ان قرابتداروں میں سے جو بروقت اُس کی وفات کے زندہ موجود ہیں۔ کسی وارث کو کسقدر متروکہ میت سے حصہ پہنچ سکتا ہے تو اولاً صورت مسئلہ کو ایک کاغذ پر اسطرح لکھو کہ ایک خط عرضی کھینچکر اس کے اوپر میت کا نام اور اس کے نیچے میت کے موجودہ وارثوں کے نام مع اس رشتہ قرابت کے جو وہ مورث متوفی کے ساتھ رکھتے ہوں علیحدہ علیحدہ لکھ دو۔ اگر کسی شخص کے رشتے ایک سے زائد ہوں۔ تو ان سب کو لکھ لو۔

مثلاً میت

بیٹی، داماد، بہنوئی (زید)، پوتا، پوتی کا بیٹا، چچا، زوجہ

بھتیجا، چچیرا بھائی، محجوب، محجوب

اسکے بعد نقشہ حاجب و محجوب پر نظر ڈالو جس میں ہم نے یہ ظاہر کر دیا ہے کہ فلاں وارث کو فلاں کے سامنے کچھ نہیں ملتا۔ اور ان قرابتداروں کا سلسلہ بھی لکھ دیا ہے جنکو شرعاً اس رشتہ قرابت کے تعلق سے کوئی حق توریث نہیں پہنچ سکتا۔ لہذا صورت مسئلہ میں اگر کوئی شخص محجوب ہے۔ یعنی

اس قسم کے رشتہ قرابت کا کوئی شخص شریک ہو۔ جس کو دوسرے وارثوں کی موجودگی میں کچھ نہیں ملتا تو اس کو زمرہ ورثہ سے خارج کردو۔ یا اسکے نیچے محجوب یا محروم کا لفظ لکھدو۔ ایسے ہی اگر کوئی شخص ایک سے زیادہ رشتے رکھتا ہے اور ایک رشتے کے اعتبار سے قائم رہتا ہے۔ تو اسکا نام صرف اسی رشتہ مابعد کے ساتھ صورت مسئلہ میں قائم رکھنا چاہئے۔ جیسے کہ صورت مسئلہ مذکورہ میں ایک شخص مورث متوفی کا داماد ہے۔ اور بھتیجا چچازاد ہے۔ اور دوسرا بہنوئی ہے اور چچیرا بھائی بھی ہے پس ان دونوں کو داماد اور بہنوئی ہونے کی حیثیت سے کچھ نہیں ملتا۔ لیکن بھتیجا اور چچیرا بھائی ہونے کی حیثیت سے وہ اپنی اپنی نوبت پر وارث بن سکتے ہیں۔ لہٰذا ان کا نام صورت مسئلہ میں بھتیجا اور چچیرا بھائی کے رشتہ قرابت کے ساتھ قائم رکھنا چاہیئے۔ اگر ایک شخص کے قرابت کے رشتے متعدد ہیں۔ اور ہر ایک رشتے کے اعتبار سے وہ حصہ پانے کا مستحق ہے۔ تو ان سب رشتوں کو قائم رکھ لینا چاہئے۔ مثلاً ایک شخص عورت متوفی کا چچیرا بھائی ہے۔ اور اس کا شوہر بھی ہے۔ تو اسکو دونوں رشتوں کے ساتھ لکھ لینا چاہئے۔

ہدایات مصرعہ بالا کے موافق تنقیح و تکمیل کر لینے کے بعد ان موجودہ وارثوں کو دوبارہ ایک خط عرضی کے ذیل اس ترتیب سے لکھو۔ جسطرح ہم نے نقشہ ترتیب اسمائے ورثہ مرقومہ جدا ول میں لکھا ہے۔ جو ذیل میں لکھا ہوا ہے۔ پس صورت مسئلہ مذکورہ کے وارثوں کی ترتیب اس طرح ہوگی۔ مسـ

زوجہ	بیٹی	پوتا	بھتیجا	چچا	چچیرا بھائی (زید)	پھوپی کا بیٹا
			م	م		م

اسکے بعد جداول ورثہ میں صورت مسئولہ کا جواب تلاش کرنا چاہئے۔ اسطرح کہ محروم و محجوب وارثوں کو خارج کر دینے کے بعد جتنے وارث ممکن الاجتماع باقی رہیں۔ اس قسم کے وارثوں کی فصل میں سیدھی جانب اول نمبر کے وارث کو تلاش کرو اور اس کے بعد اس کے ذیل میں بترتیب اسما جسقدر صورتیں لکھی ہیں۔ غور سے دیکھو وہیں صورت مسئلہ بجنسہ ملجائے گی۔

پس بموجب صراحت بالا صورت مسئلہ مذکور کو بعد اسقاط محجوبین تین تین وارثوں کے ان جدولوں میں دیکھنا چاہئے۔ جن میں زوجہ کے ساتھ دو اور وارث بیٹی اور پوتا شریک ہیں۔ مسـ

زوجہ	بیٹی	پوتا

نقشہ ترتیب اسمائے وارثان مندرجہ جداول

زوج[1] - زوجہ[2] - بیٹا[3] - بیٹابیٹیاں[4] - بیٹی[5] - بیٹیاں[6] - پوتا[7] - پوتا پوتیاں[8] - پوتی[9] - پوتیاں[10] - پڑپوتا[11] - پڑپوتا پڑپوتیاں[12] - پڑپوتی[13] - پڑپوتیاں[14] - باپ[15] - دادا[16] - ماں[17] - نانی دادی[18] - بھائی[19] - بھائی بہنیں[20] - بہن[21] - بہنیں[22] - علاتی بھائی[23] - علاتیاں[24] - علاتی بہن[25] - علاتی بہنیں[26] - اخیافی[27] - اخیافیاں[28] - بھتیجا[29] - علاتی بھتیجا[30] - چچا[31] - علاتی چچا[32] - چچیرا بھائی[33] - علاتی چچیرا بھائی[34] - آزاد کنندہ[35]

ذی رحم صنف اول - ذی رحم صنف دوم - ذی رحم صنف سوم - ذی رحم صنف چہارم

باب اول دو وارث میں

فصل اول زوج کے ساتھ دوسرا ایک وارث

زوج			
رُبع	۱	۳ باقی بیٹا بیٹے	۴
"	۱	۳ " بیٹابیٹیاں[1]	۴
"	۱	۳ نصف وباقی بیٹی[2]	۴
"	۱	۳ دوثلث وباقی بیٹیاں	۴
"	۱	۳ باقی پوتا پوتے	۴
"	۱	۳ " پوتا پوتیاں	۴
"	۱	۳ نصف وباقی پوتی	۴
"	۱	۳ دوثلث وباقی پوتیاں	۴
"	۱	۳ باقی پڑپوتا	۴

ربع	۱	۳ باقی پڑپوتا پڑپوتیاں	۴
"	۱	۳ نصف وباقی پڑپوتی	۴
"	۱	۳ دوثلث وباقی پڑپوتیاں	۴
نصف	۱	۱ باقی باپ	۲
"	۱	۱ " دادا	۲
"	۱	۱ ثلث وباقی ماں	۲
"	۱	۱ سدس وباقی نانی، دادی[3]	۲
"	۱	۱ باقی بھائیاں	۲
"	۱	۱ " بھائی بہنیں	۲
"	۱	۱ نصف بہن	۲
"	۳	۴ دوثلث بہنیں	۷
"	۱	۱ باقی علاتی بھائیاں	۲
"	۱	۱ " علاتیاں	۲
"	۱	۱ نصف علاتی بہن	۲

[1] بیٹا بیٹیاں جس قدر ہوں تقسیم میں ہر ایک بیٹے کو دوہرا حصہ بیٹی سے ملتا ہے۔ اور بیٹی ایکہرا حصہ پاتی ہے۔ اگر ایک بیٹا اور دو بیٹیاں ہیں تو کل مال کے چار حصے کر کے دو بیٹے کو اور ایک ایک ہر ایک بیٹی کو دیں۔

[2] نصف و باقی اس لئے کہ زوج صرف اپنا فرض ہی لیتا ہے۔ اور اس صورت میں بیٹی اور زوج کے فرض سے کچھ مال باقی بچ جاتا۔ کیونکہ زوج کو سوائے فرض کے اور کچھ نہیں ملتا۔ لہذا بچا ہوا مال اسی بیٹی کو دے دیا جائے گا۔ اسیطرح زوج کے ساتھ جو ذوی الفرض جمع ہوں گے۔ بقیہ مال انہیں پر رد ہوگا۔ اور زوج کو صرف فرض ہی ملے گا۔

[3] نانی دادی دونوں کا مجموعی فرض ایک سدس ہے۔ زوج کے ساتھ جمع ہونے کی صورت میں تقسیم

حصہ			حصہ	مقسم
نصف	۳	۴	دوثلث علاتی بہنیں	۷
"	۱	۱	سدس وباقی اخیافی	۲
"	۱	۱	ثلث وباقی اخیافیاں[1]	۲
"	:	۱	باقی بھتیجے	۲
"	۱	۱	" علاتی بھتیجے	۲
"	۱	۱	" چچے	۲
"	۱	۱	" علاتی چچے	۲
"	۱	۱	" چچیرے بھائی	۲
"	۱	۱	" علاتی چچیرے بھائی	۲
"	۱	۱	" کوئی عصبہ	۲
"	۱	۱	" آزاد کنندہ	۲
"	۱	۱	" موصی لہ بجمیع مال	۲
"	۱	۱	" مقر لہ بالنسب	۲
"	۱	۱	" ذی رحم	۲
"	۱	۱	" بیت المال	۲

فصل ۲ زوجہ کے ساتھ دوسرا ایک وارث

زوجہ				
ثمن	۱	۷	باقی بیٹا بیٹے	۸
"	۱	۷	" بیٹا بیٹیاں	۸
"	۱	۷	نصف وباقی بیٹی	۸
"	۱	۷	دوثلث وباقی بیٹیاں	۸
"		۷	باقی پوتا پوتے	۸
"		۷	" پوتا پوتیاں	۸
"		۷	نصف وباقی پوتی	۸
"		۷	دوثلث وباقی پوتیاں	۸
"		۷	باقی پڑپوتا پڑپوتے	۸
ثمن	۱	۷	نصف وباقی پڑپوتی	۸
"	۱	۷	دوثلث وباقی پڑپوتیاں	۸
ربع	۱	۳	باقی باپ	۴
"	۱	۳	" دادا	۴
"	۱	۳	ثلث وباقی ماں	۴
"	۱	۳	سدس وباقی نانی-دادی	۴
"	۱	۳	باقی بھائیاں	۴
"	۱	۳	" بھائی بہنیں	۴
"	۱	۳	نصف وباقی بہن	۴
"	۱	۳	دوثلث وباقی بہنیں	۴
"	۱	۳	باقی علاتی بھائیاں	۴
"	۱	۳	" علاتیاں	۴
"	۱	۳	نصف وباقی علاتی بہن	۴
"	۱	۳	دوثلث وباقی علاتی بہنیں	۴
"	۱	۳	سدس وباقی اخیافی	۴
"	۱	۳	ثلث وباقی اخیافیاں	۴
"	۱	۳	باقی بھتیجے	۴
"	۱	۳	" علاتی بھتیجے	۴
"	۱	۳	" چچے	۴
"	۱	۳	" علاتی چچے	۴
"	۱	۳	" چچیرے بھائی	۴
"	۱	۳	" علاتی چچیرے بھائی	۴
"	۱	۳	" کوئی عصبہ	۴
"	۱	۳	آزاد کنندہ	۴
"	۱	۳	موصی لہ بجمیع مال	۴
"		۳	مقر لہ بالنسب	۴

بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۴۳ سے بچا ہوا مال بہنیں پاتی ہیں۔ یہی اگر دونو موجود ہیں۔ تو تمام مال آپس میں برابر تقسیم کریں۔ اور اگر کوئی ایک موجود ہے تو سارا مال اسی کو پہنچتا ہے۔ [1] اخیافیاں۔ ایک سے زیادہ اخیافی بھائی بہنوں کا اصلی حصہ ایک ثلث ہے اور زوج کے ساتھ جمع ہونے کی صورت میں تقسیم سے بچا ہوا مال بھی لیتے ہیں۔ اور اخیافی بھائی بہنوں میں مال کی تقسیم برابر ہوتی ہے۔ یعنے بھائی اور بہن برابر حصہ پاتے ہیں۔ مرد کو عورت سے دوہرا حصہ نہیں ملتا۔

حصہ	حصہ	منقسم
سبّ ۱	۳ باقی ذی رحم	۴
" ۱	۳ رد بیت المال	۴

فصل ۳ بیٹے کے ساتھ دوسرا ایک وارث

بیٹا		
نصف ۱	۱ نصف بیٹا	۲
دو حصہ ۲	۱ یکحصہ بیٹی	۳
بیٹے باقی ۵	۱ سدس باپ	۶
" ۵	۱ " دادا	۶
" ۵	۱ " ماں	۶
" ۵	۱ " نانی/دادی	۶
بیٹے بیٹیاں باقی ۵	۱ " باپ	۶
" ۵	۱ " دادا	۶
"	۱ " ماں	۶
"	۱ " نانی/دادی	۶

پوتا وغیرہ وارثان بعیدہ محجوب ہیں

فصل ۴ بیٹی کے ساتھ دوسرا ایک وارث

بیٹی		
دو ثلث باقی ۱	۱ بیٹی	۲
نصف ۱	۱ باقی پوتا پوتے	۲
" ۱	۱ " پوتا پوتیاں	۲
نصف و باقی مشترک ۳	۱ سدس پوتی	۴
" " ۳	۱ " پوتیاں	۴
نصف ۱	۱ باقی پڑپوتا پڑپوتے	۲
" ۱	۱ " پڑپوتا پڑپوتیاں	۲
نصف و باقی مشترک	۱ سدس پڑپوتی	۴

حصہ		
نصف و باقی مشترک ۳	۱ سدس پڑپوتیاں	۴
نصف ۱	۱ سدس و باقی باپ	۲
" ۱	۱ سدس و باقی دادا	۲
نصف و باقی مشترک ۳	۱ سدس ماں	۴
" " ۳	۱ " نانی-دادی	۴
نصف ۱	۱ باقی بھائیاں	۲
" ۱	۱ " بھائی بہنیں	۲
" ۱	۱ " بہنیں	۲
" ۱	۱ " علاتی بھائیاں	۲
" ۱	۱ " علاتیاں	۲
" ۱	۱ " علاتی بہنیں	۲
" ۱	۱ " بھتیجے	۲
" ۱	۱ " علاتی بھتیجے	۲
" ۱	۱ " چچے	۲
" ۱	۱ " علاتی چچے	۲
" ۱	۱ " چچیرے بھائی	۲
" ۱	۱ " علاتی چچیرے بھائی	۲
" ۱	۱ " کوئی عصبہ	۲
" ۱	۱ " آزاد کنندہ	۲

اخیافیاں و ذوی رحم محجوب ہیں

بیٹیاں دو ثلث ۲	۱ باقی پوتا پوتے	۳
دو ثلث ۲	۱ " پوتی پوتا	۳
" ۲	۱ " پوتی پوتیاں پڑپوتا	۳
" ۲	۱ " پڑپوتا پڑپوتے	۳
" ۲	۱ " پڑپوتی پڑپوتا	۳

ل نصف و باقی مشترک - پوتی خواہ پوتیاں ایک بیٹی کیساتھ تکمیل ثلثین کیلئے ایک سدس حصہ پاتی ہیں جو بیٹی نصف مال لیتی ہے ان دونوں کے فرضوں سے جو مال بچ رہے وہ انہیں دونوں پر انکے حصوں کے متعلق کی نسبت کے مطابق رد کر دیا جاتا ہے اسی طرح ماں نانی دادی پر بھی بعض صورتوں میں رد کیا جاتا ہے۔

ک اس صورت میں باپ دادا فرض و تعصیب دونوں کے بموجب سدس اور بچا ہوا مال پاتے ہیں سے بیٹیاں دو ہوں خواہ زیادہ ہوں غرض ایک سے زائد بیٹیوں کا فرض دو ثلث ہے جسقدر ہوں آپس میں برابر تقسیم کریں تنہا پوتی یا پڑپوتی ایک سے زائد بیٹیوں کے ساتھ کچھ نہیں پاتی اسلئے کہ بیٹیوں نے اپنا پورا فرض پا لیا ہے۔

حصہ			حصہ	مخرج
دوثلث	۲	۱	سدس باقی باپ	۳
″	۲	۱	″ دادا	۳
دوثلث باقی مشترک	۴	۱	سدس ماں	۵
″ ″	۴	۱	″ نانی دادی	۵
دوثلث	۲	۱	باقی بھائیاں	۳
″	۲	۱	″ بھائی بہنیں	۳
″	۲	۱	″ بہنیں	۳
″	۲	۱	″ علاتی بھائیاں	۳
″	۲	۱	″ علاتیاں	۳
″	۲	۱	″ علاتی بہنیں	۳
″	۲	۱	″ بھتیجے	۳
″	۲	۱	″ علاتی بھتیجے	۳
″	۲	۱	″ چچے	۳
″	۲	۱	″ علاتی چچے	۳
″	۲	۱	″ چچیرے بھائی	۳
″	۲	۱	″ علاتی چچیرے بھائی	۳
″	۲	۱	″ کوئی عصبہ	۳
″	۲	۱	″ آزاد کنندہ	۳

اخیافیاں و ذوی الارحام محجوب ہیں۔

فصل ۵ پوتے کیساتھ دوسرا ایک وارث

حصہ			حصہ	مخرج
پوتا نصف	۱	۱	نصف پوتا	۲
دو حصے	۲	۱	یکحصہ پوتی	۳
باقی پوتے	۵	۱	سدس باپ	۶
″	۵	۱	″ دادا	۶
″	۵	۱	″ ماں	۶
″	۵	۱	″ نانی - دادی	۶

پڑپوتا وغیرہ عصبات بعیدہ محجوب ہیں۔

حصہ			حصہ	مخرج
پوتا پوتیاں باقی	۵	۱	سدس باپ	۶
″	۵	۱	″ ماں	۶
″	۵	۱	″ نانی - دادی	۶

پڑپوتا وغیرہ عصبات بعیدہ محجوب ہیں۔

فصل ۶ پوتی کیساتھ دوسرا ایک وارث

حصہ			حصہ	مخرج
پوتی				
دو وارث دو باقی	۱	۱	پوتی	۲
نصف	۱	۱	باقی پڑپوتا	۲
″	۱	۱	″ پڑپوتا پڑپوتیاں	۲
نصف باقی مشترک	۳	۱	سدس پڑپوتی	۴
″ ″	۳	۱	″ پڑپوتیاں	۴
نصف	۱	۱	سدس و باقی باپ	۲
″	۱	۱	″ دادا	۲
نصف باقی مشترک	۳	۱	سدس ماں	۴
″ ″	۳	۱	″ نانی دادی	۴
نصف	۱	۱	باقی بھائیاں	۲
″	۱	۱	باقی بھائی بہنیں	۲
″	۱	۱	″ بہنیں	۲
″	۱	۱	″ علاتی بھائیاں	۲
″	۱	۱	″ علاتیاں	۲
″	۱	۱	″ علاتی بہنیں	۲
″	۱	۱	″ بھتیجے	۲
″	۱	۱	″ علاتی بھتیجے	۲
″	۱	۱	″ چچے	۲
″	۱	۱	″ علاتی چچے	۲
″	۱	۱	″ چچیرے بھائی	۲
″	۱	۱	″ علاتی چچیرے بھائی	۲
″	۱	۱	″ کوئی عصبہ	۲
″	۱	۱	″ آزاد کنندہ	۲

اخیافیاں ذوی الارحام محجوب ہیں۔

سلہ پڑپوتی یا پڑپوتیاں ایک پوتی کے ساتھ تکمیل ثلثین کے لئے ایک سدس حصہ پاتی ہیں۔ اگر ایک ہی پڑپوتی ہے۔ تو وہ پورا حصہ اسی [illegible]

حصہ پوتیاں			حصہ	منقسم
دوثلث	۲	۱	باقی پڑپوتا	۳
〃	۲	۱	〃 پڑپوتی پڑپوتا	۳
〃	۲	۱	سدس و باقی باپ	۳
〃	۲	۱	〃 دادا	۳
دوثلث و باقی مشترک	۴	۱	سدس ماں	۵
〃	〃 ۴	۱	〃 نانی-دادی	۵
دوثلث	۲	۱	باقی بھائیاں	۳
〃	۲	۱	〃 بھائی بہنیں	۳
〃	۲	۱	〃 بہنیں	۳
〃	۲	۱	〃 علاتی بھائیاں	۳
〃	۲	۱	〃 علاتیاں	۳
〃	۲	۱	〃 علاتی بہنیں	۳
〃	۲	۱	〃 بھتیجے	۳
〃	۲	۱	〃 علاتی بھتیجے	۳
〃	۲	۱	〃 چچے	۳
〃	۲	۱	〃 علاتی چچے	۳
〃	۲	۱	〃 چچیرے بھائی	۳
〃	۲	۱	〃 علاتی چچیرے بھائی	۳
〃	۲	۱	〃 کوئی عصبہ	۳
〃	۲	۱	〃 آزاد کنندہ	۳

تنہا پڑپوتی یا اخیانیاں محجوب ہیں۔

فصل ۷ پڑپوتے کیساتھ دوسرا ایک وارث

پڑپوتا نصف	۱	۱	نصف پڑپوتا	۲
دو حصے	۲	۱	یکحصہ پڑپوتی	۳
پڑپوتے باقی	۵	۱	سدس باپ	۶
باقی	۵	۱	〃 دادا	۶
〃	۵	۱	〃 ماں	۶
〃	۵	۱	〃 نانی دادی	۶

بھائی وغیرہ وارثان بعیدہ محجوب ہے

پڑپوتا یا پڑپوتیاں		۱	ماں	
باقی	۵	۱	سدس باپ	۶

حصہ			حصہ	منقسم
باقی	۵	۱	سدس دادا	۶
〃	۵	۱	〃 ماں	۶
〃	۵	۱	〃 نانی دادی	۶

بھائی وغیرہ وارثاں بعیدہ محجوب ہیں

فصل ۸ پڑپوتی کیساتھ دوسرا ایک وارث

پڑپوتی				
دوثلث و باقی	۱	۱	پڑپوتی	۲
نصف	۱	۱	سدس و باقی باپ	۲
〃	۱	۱	〃 〃 دادا	۲
نصف و باقی مشترک	۳	۱	سدس ماں	۴
〃	۳ 〃	۱	〃 نانی دادی	۴
نصف	۱	۱	باقی بھائیاں	۲
〃	۱	۱	〃 بھائی بہنیں	۲
〃	۱	۱	〃 بہنیں	۲
〃	۱	۱	〃 علاتی بھائیاں	۲
〃	۱	۱	〃 علاتیاں	۲
〃	۱	۱	〃 علاتی بہنیں	۲
〃	۱	۱	〃 بھتیجے	۲
〃	۱	۱	〃 علاتی بھتیجے	۲
〃	۱	۱	〃 چچے	۲
〃	۱	۱	〃 علاتی چچے	۲
〃	۱	۱	〃 چچیرے بھائی	۲
〃	۱	۱	〃 علاتی چچیرے بھائی	۲
〃	۱	۱	〃 کوئی عصبہ	۲
〃	۱	۱	〃 آزاد کنندہ	۲

اخیانیاں و ذوی رحم محجوب ہیں۔

پڑپوتیاں دوثلث	۲	۱	سدس و باقی باپ	۳
دوثلث	۲	۱	〃 دادا	۳
دوثلث و باقی مشترک	۴	۱	سدس ماں	۵
〃	〃 ۴		〃 نانی دادی	۵

حصہ		حصہ		منقسم
دوثلث	۲	باقی بھائیاں	۱	۳
〃	۲	〃 بھائی بہنیں	۱	۳
〃	۲	〃 بہنیں	۱	۳
〃	۲	〃 علاتی بھائیاں	۱	۳
〃	۲	〃 علاتیاں	۱	۳
〃	۲	〃 علاتی بہنیں	۱	۳
〃	۲	〃 بھتیجے	۱	۳
〃	۲	〃 علاتی بھتیجے	۱	۳
〃	۲	〃 چچے	۱	۳
〃	۲	〃 علاتی چچے	۱	۳
〃	۲	〃 چچیرے بھائی	۱	۳
〃	۲	〃 علاتی چچیرے بھائی	۱	۳
〃	۲	〃 کوئی عصبہ	۱	
〃	۲	〃 آزادکنندہ	۱	

اخیافیاں و ذوی رحم مجوب ہیں

فصل ۹ باپ کے ساتھ دوسرا ایک وارث

باپ باقی	۲	۱ ثلث	ماں	۳
〃	۵	۱ سدس	نانی	۶

دادا دادی وغیرہ وارثاں بعیدہ مجوب ہیں

فصل ۱۰ دادا کیساتھ دوسرا ایک وارث

دادا باقی	۲	۱ ثلث	ماں	۳
〃	۵	سدس	نانی دادی	۶

بھائی بہن وغیرہ وارثاں بعیدہ مجوب ہیں

فصل ۱۱ ماں کے ساتھ دوسرا ایک وارث

حصہ		حصہ		منقسم
ماں ثلث	۱	باقی بھائی	۲	۳
سدس	۱	〃 بھائیاں	۵	۶
سدس	۱	باقی بھائی بہنیں	۵	۶
ثلث و باقی مشترک	۲	نصف بہن	۳	۵
سدس و باقی مشترک	۱	دوثلث بہنیں	۴	۵
ثلث	۱	باقی علاتی بھائی	۲	۳
سدس	۱	〃 علاتی بھائیاں	۵	۶
〃	۱	〃 علاتیاں	۵	۶
ثلث و باقی مشترک	۲	نصف علاتی بہن	۳	۵
سدس و باقی مشترک	۱	دوثلث علاتی بہنیں	۴	۵
ثلث و باقی مشترک	۲	سدس اخیافی	۱	۳
سدس و باقی مشترک	۱	ثلث اخیافیاں	۲	۳
ثلث	۱	باقی بھتیجے	۲	۳
〃	۱	〃 علاتی بھتیجے	۲	۳
〃	۱	〃 چچے	۲	۳
〃	۱	〃 علاتی چچے	۲	۳
〃	۱	〃 چچیرے بھائی	۲	۳
〃	۱	〃 علاتی چچیرے بھائی	۲	۳
〃	۱	〃 کوئی عصبہ	۲	۳
〃	۱	〃 آزادکنندہ	۲	۳

فصل ۱۲ نانی دادی کیساتھ دوسرا ایک وارث

نانی دادی[۳]				
سدس	۱	باقی بھائیاں	۵	۶
〃	۱	〃 بھائی بہنیں	۵	۶
سدس و باقی مشترک	۱	نصف بہن	۳	۴
〃	۱	دوثلث بہنیں	۴	۵
سدس	۱	باقی علاتی بھائیاں	۵	۶
〃	۱	〃 علاتیاں	۵	۶

[۱] حضرت ابوبکر صدیقؓ اور ایسے چودہ اہل علم صحابہ کا یہی مختار طریق عمل ہے۔ اور انہی پر فتویٰ ہے کہ بنو اعیان و علات کو جد کیساتھ کچھ نہیں ملتا۔ شرح سراجیہ: [۲] جسطرح اولاد ماں کی حاجب نقصان ہے۔ اسیطرح دو یا زیادہ کسی قسم کے بھائی بہنیں بھی اس کی حاجب ہیں۔ جن سے ماں کا حصہ ثلث سے گھٹ کر سدس رہ جاتا ہے۔ لیکن الذوی صاحب فرض ہیں مثلاً دو بہنیں ہیں۔ تو بعض صورتوں میں ماں پر بھی رد ہوتا ہے [۳] نانی دادی دونوں بمنزلہ ایک وارث کے ہیں اور دونوں کا مجموعی حصہ ایک سدس ہے اگر دونو موجود ہوں تو آپس میں برابر برابر تقسیم کریں۔ اور اگر کوئی ایک موجود ہے۔ تو پورا حصہ اسی ایک کا حق ہوتا ہے:

حصہ پوتیاں		حصہ		منقسم
دوثلث	۲	باقی پڑپوتا	۱	۳
"	۲	" پڑپوتی پڑپوتا	۱	۳
"	۲	سدس و باقی باپ	۱	۳
"	۲	" " دادا	۱	۳
دوثلث و باقی مشترک	۴	سدس ماں	۱	۵
" "	۴	" نانی دادی	۱	۵
دوثلث	۲	باقی بھائیاں	۱	۳
"	۲	" بھائی بہنیں	۱	۳
"	۲	" بہنیں	۱	۳
"	۲	" علاتی بھائیاں	۱	۳
"	۲	" علاتیاں	۱	۳
"	۲	" علاتی بہنیں	۱	۳
"	۲	" بھتیجے	۱	۳
"	۲	" علاتی بھتیجے	۱	۳
"	۲	" چچے	۱	۳
"	۲	" علاتی چچے	۱	۳
"	۲	" چچیرے بھائی	۱	۳
"	۲	" علاتی چچیرے بھائی	۱	۳
"	۲	" کوئی عصبہ	۱	۳
"	۲	" آزاد کنندہ	۱	۳

تنہا پڑپوتی تا اخیانیاں مجوب ہیں۔

فصل ۷ پڑپوتے کیساتھ دوسرا ایک وارث

حصہ		حصہ		منقسم
پڑپوتا نصف	۱	نصف پڑپوتا	۱	۲
دو حصہ	۲	یکحصہ پڑپوتی	۱	۳
پڑپوتے باقی	۵	سدس باپ	۱	۶
باقی	۵	" دادا	۱	۶
"	۵	" ماں	۱	۶
"	۵	" نانی دادی	۱	۶

بھائی وغیرہ وارثاں بعیدہ مجوب ہے

حصہ		حصہ		منقسم
پڑپوتا پڑپوتیاں		ماں	۱	
باقی	۵	سدس باپ	۱	۶
باقی	۵	سدس دادا	۱	۶
"	۵	" ماں	۱	۶
"	۵	" نانی دادی	۱	۶

بھائی وغیرہ وارثاں بعیدہ مجوب ہیں

فصل ۸ پڑپوتی کیساتھ دوسرا ایک وارث

پڑپوتی				
دوثلث و باقی	۱	پڑپوتی	۱	۲
نصف	۱	سدس و باقی باپ	۱	۲
"	۱	" " دادا	۱	۲
نصف و باقی مشترک	۳	سدس ماں	۱	۴
"	" ۳	" نانی دادی	۱	۴
نصف	۱	باقی بھائیاں	۱	۲
"	۱	" بھائی بہنیں	۱	۲
"	۱	" بہنیں	۱	۲
"	۱	" علاتی بھائیاں	۱	۲
"	۱	" علاتیاں	۱	۲
"	۱	" علاتی بہنیں	۱	۲
"	۱	" بھتیجے	۱	۲
"	۱	" علاتی بھتیجے	۱	۲
"	۱	" چچے	۱	۲
"	۱	" علاتی چچے	۱	۲
"	۱	" چچیرے بھائی	۱	۲
"	۱	" علاتی چچیرے بھائی	۱	۲
"	۱	" کوئی عصبہ	۱	۲
"	۱	" آزاد کنندہ	۱	۲

اخیانیاں وذوی رحم مجوب ہیں۔

حصہ		حصہ		منقسم
پڑپوتیاں دوثلث	۲	سدس و باقی باپ	۱	۳
دوثلث	۲	" دادا	۱	۳
دوثلث و باقی مشترک	۴	سدس ماں	۱	۵
"	" ۴	" نانی دادی		۵

حصہ			حصہ	منقسم
دوثلث	۲	۱	باقی بھائیاں	۳
〃	۲	۱	〃 بھائی بہنیں	۳
〃	۲	۱	〃 بہنیں	۳
〃	۲	۱	〃 علاتی بھائیاں	۳
〃	۲	۱	〃 علاتیاں	۳
〃	۲	۱	〃 علاتی بہنیں	۳
〃	۲	۱	〃 بھتیجے	۳
〃	۲	۱	〃 علاتی بھتیجے	۳
〃	۲	۱	〃 چچے	۳
〃	۲	۱	〃 علاتی چچے	۳
〃	۲	۱	〃 چچیرے بھائی	۳
〃	۲	۱	〃 علاتی چچیرے بھائی	۳
〃	۲	۱	〃 کوئی عصبہ	
〃	۲	۱	〃 آزاد کنندہ	

اخیافیاں و ذوی رحم محجوب ہیں

فصل ۹ باپ کے ساتھ دوسرا ایک وارث

باپ باقی	۲	۱	ثلث ماں	۳
〃	۵	۱	سدس نانی	۶

دادا دادی وغیرہ وارثان بعیدہ محجوب ہیں

فصل ۱۰ دادا کیساتھ دوسرا ایک وارث

دادا باقی	۲	۱	ثلث ماں	۳
〃	۵		سدس نانی دادی	۶

بھائی بہن وغیرہ وارثان بعیدہ محجوب ہیں

فصل ۱۱ ماں کے ساتھ دوسرا ایک وارث

ماں ثلث	۱	۲	باقی بھائی	۳
سدس	۱	۵	〃 بھائیاں	۶
سدس	۱	۵	باقی بھائی بہنیں	۶
ثلث و باقی مشترک	۲	۳	نصف بہن	۵
سدس و باقی مشترک[2]	۱	۴	دوثلث بہنیں	۵
ثلث	۱	۲	باقی علاتی بھائی	۳
سدس	۱	۵	〃 علاتی بھائیاں	۶
〃	۱	۵	〃 علاتیاں	۶
ثلث و باقی مشترک	۲	۳	نصف علاتی بہن	۵
سدس و باقی مشترک	۱	۴	دوثلث علاتی بہنیں	۵
ثلث و باقی مشترک	۲	۱	سدس اخیافی	۳
سدس و باقی مشترک	۱	۲	ثلث اخیافیاں	۳
ثلث	۱	۲	باقی بھتیجے	۳
〃	۱	۲	〃 علاتی بھتیجے	۳
〃	۱	۲	〃 چچے	۳
〃	۱	۲	〃 علاتی چچے	۳
〃	۱	۲	〃 چچیرے بھائی	۳
〃	۱	۲	〃 علاتی چچیرے بھائی	۳
〃	۱	۲	〃 کوئی عصبہ	۳
〃	۱	۲	〃 آزاد کنندہ	۳

فصل ۱۲ نانی دادی کیساتھ دوسرا ایک وارث

نانی دادی کے[3]				
سدس	۱	۵	باقی بھائیاں	۶
〃	۱	۵	〃 بھائی بہنیں	۶
سدس و باقی مشترک	۱	۳	نصف بہن	۴
〃 〃	۱	۴	دوثلث بہنیں	۵
سدس	۱	۵	باقی علاتی بھائیاں	۶
〃	۱	۵	〃 علاتیاں	۶

[1] حضرت ابوبکر صدیقؓ اور ایسے چودہ اہل علم صحابہ کا یہی مختار طریق عمل ہے۔ اور انہی پر فتویٰ ہے کہ تبعاً عیاں علاتی کو جدّ کیساتھ کچھ نہیں ملتا۔ شرح سراجیہ ؛ [2] جسطرح اولاد ماں کی حاجب نقصان ہے۔ اسیطرح دو یا زیادہ کسی قسم کے بھائی بہنیں بھی اس کی حاجب ہیں۔ جس سے ماں کا حصہ ثلث سے گھٹ کر سدس رہجاتا ہے۔ لیکن اگر وہ صاحب فرض ہیں مثلاً دو بہنیں ہیں۔ تو بعض صورتوں میں ماں پر بھی رد ہوتا ہے [3] نانی دادی دونوں بمنزلہ ایک وارث کے ہیں اور دونوں کا مجموعی حصہ ایک سدس ہے اگر دونو موجود ہوں تو آپس میں برابر برابر تقسیم کریں۔ اور اگر کوئی ایک موجود ہے۔ تو پورا حصہ اسی ایک کا حق ہوتا ہے ؛

حصہ			حصہ	منقسم
سدس و باقی مشترک	۱	۳	نصف علاتی بہن	۴
″	″ ۱	۴	دو ثلث علاتی بہنیں	۵
″	″ ۱	۱	سدس اخیافی	۲
″	″ ۱	۲	ثلث اخیافیاں	۳
سدس	۱	۵	باقی بھتیجے	۶
″	۱	۵	″ علاتی بھتیجے	۶
″	۱	۵	″ چچے	۶
″	۱	۵	علاتی چچے	۶
″	۱	۵	″ چچیرے بھائی	۶
″	۱	۵	″ علاتی چچیرے بھائی	۶
″	۱	۵	″ کوئی عصبہ	۶
″		۵	″ آزاد کنندہ	۶

فصل ۱۴ بھائی کیساتھ دوسرا ایک وارث

حصہ			حصہ	منقسم
بھائی نصف	۱	۱	نصف بھائی	۲
دو حصے بھائیاں	۲	۱	یکحصہ بھائی	۳
باقی	۵	۱	سدس اخیافی	۶
″	۲	۱	ثلث اخیافیاں	۳

